71169 - دوران وضوء چہرہ دھوتے وقت ناک میں پانی چلا جانا

سوال

دوران وضوء میں تین بار ناک میں پانی ڈال کر جھاڑتا ہوں، لیکن جب میں چہرہ دھوتا ہوں تو کچھ پانی ناک میں ناک میں چلا جاتا ہے تو میں اسے جھاڑ دیتا ہوں، کیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اول :

کلی اور ناک میں پانی چڑھانے کے بعد چہرہ دھوتے وقت ناک میں داخل ہونے والا پانی نکالنے میں کوئی حرج نہیں، ایسا کرنا تین بار سے زیادہ شمار نہیں ہوگا، کیونکہ آپ نے قصدا پانی داخل نہیں کیا.

علماء کرام نے بیان کیا ہے کہ چہرہ دھونے میں بہتر یہ ہے کہ اوپر سے چہرہ دھونا شروع کیا جائے، ہوسکتا ہے جب آپ ایسا کریں تو اس طرح آپ کے ناک میں پانی داخل نہ ہو.

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

"الماوردی رحمہ اللہ کا کہنا ہے : چہرہ دھونے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں میں پانی لیا جائے، کیونکہ یہ ممکن اور زیادہ اچھا ہے، اور چہرہ اوپر سے نیچے کی جانب دھویا جائے؛ اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے.

اور اس لیے بھی کہ اوپر والا حصہ زیادہ مرتبہ رکھتا ہے، کیونکہ وہ سجدہ کی جگہ ہے، اور یہ زیادہ ممکن بھی ہے اس طرح کرنے سے طبعی طور پر پانی نیچے کی جانب جائے گا پھر وہ اپنے سارے چہرے پر ہاتھ پھیرے جہاں تک پانی پہنچانے کا حکم ہے، اور اگر وہ کسی اور طرح سے پانی پہنچائے تو بھی کفائت کر جائیگا" انتہی.

دیکھیں : المجموع للنووی (215/1).

مواھب الجلیل میں بھی چہرہ دھونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے کہ : چہرہ اوپر والی جانب سے دھونا شروع کیا جائے"

دیکھیں : مواھب الجلیل (187/1).

دوم :

سنت سے ثابت ہے کہ تین بار ناک میں پانی ڈال کر ناک جھاڑا جائے جیسا کہ بخاری اور مسلم کی درج ذیل حدیث میں ہے :

عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وضوء کر کے دکھایا ... چنانچہ انہوں نے ایک ہی چلو سے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا، انہوں نے تین بار یہ عمل کیا"

صحیح بخاری حدیث نمبر (186) صحیح مسلم حدیث نمبر (235) یہ الفاظ مسلم شریف کے ہیں.

یہ حدیث اس کی دلیل ہے کہ کلی اور ناک میں پانی ڈالنے میں وقفہ اور فاصلہ نہیں ہونا چاہیے، بلکہ کلی اور ناک میں پانی ایک ہی چلو سے ڈالا جائے، پھر وہ کلی کرے اور ناک میں پانی چڑھائے، پھر کلی کرے اور ناک میں پانی چڑھائے، لوگوں کی طرح دونوں کو علیحدہ علیحدہ نہ کرے، چنانچہ وہ تین بار کلی کرے اور تین بار ہی ناک میں پانی چڑھائے.

مسلم کی شرح میں امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

"ہمارے اصحاب کا کہنا ہے کہ: کسی بھی طریقہ سے مونہہ اور ناک میں پانی پہنچے کلی اور استنشاق ہوجائیگا، افضلیت میں پانچ قسم ہیں :

اول: تین چلوؤں کے ساتھ کلی کرے اور ناک میں پانی چڑھائے، یعنی ہر چلو سے کلی کرے اور ناک میں پانی چڑھائے... یہ وجہ صحیح ہے،بخاری اور مسلم وغیرہ کی احادیث میں بھی اسی کا ذکر آیا ہے،جس حدیث میں ان دونوں کے درمیان فرق اور فاصلہ کا ذکر ہے وہ حدیث ضعیف ہے، جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اس سے تین چلو کی تعیین ہوجاتی ہے، جیسا کہ عبد اللہ بن زید کی حدیث میں بیان ہوا ہے" انتہی.

لیکن تین بار سے زیادہ بار کرنا مکروہ ہے، اس کی دلیل نسائی ابن ماجہ اور ابوداود کی درج ذیل حدیث ہے.

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ بیان کرتے ہیں کہ ایک اعرابی شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور وضوء کے متعلق دریافت کیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تین تین بار وضوء کر کے دکھایا، اور پھر فرمانے لگے: وضوء اس طرح ہے،جس نے بھی اس سے زیادہ کیا اس نے برا کام کیا اور زیادتی اور ظلم کا مرتکب ٹھرا"

سنن نسائی حدیث نمبر (140) سنن ابوداود حدیث نمبر (135) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (422)، علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح نسائی میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے.

امام نووی رحمہ اللہ تعالی اپنی سابقہ کلام کو مکمل کرتے ہوئے کہتے ہیں :

"علماء کرام کا اتفاق ہے کہ تین بار سے زیادہ مکروہ ہے، تین بار سے مراد عضو کو مکمل دھونا ہے، اگر کوئی عضوء دو چلو کے بغیر نہیں دھویا جاتا تو یہ ایک بار دھونا شمار ہوگا.

اور اگر کسی کو شک ہو کہ دو بار دھویا ہے یا تین بار؟ تو اسے دو بار قرار دے اور تیسری بار دھولے، ہمارے اصحاب میں سے جمہور علماء کا یہی کہنا ہے، ہمارے اصحاب میں سے شیخ ابو محمد الجوینی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسے تین بار کرے، اور چوتھی بار نہ دھوئے کہ کہیں یہ بدعت ہی نہ بن جائے اور پہلا طریقہ ہی قواعد پر جاری ہے، اگر کوئی شخص جان بوجھ کر عمدا چار بار دھوئے تو یہ منکر قسم کی بدعت شمار ہوگی" واللہ اعلم انتہی.

حاصل یہ ہوا کہ: بغیر قصد اور ارادہ ناک میں داخل ہونے والے پانی نکالنے میں آپ پر کچھ لازم نہیں آتا، اور نہ ہی اسے وضوء میں زیادتی شمار کیا جائیگا، کیونکہ آپ نے عمدا ایسا نہیں کیا.

واللہ اعلم.